
# مہمان نوازی



حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قاعدہ تھا کہ جب تک کوئی مہمان شریکِ طعام نہ ہوتا کھانا نہ کھاتے ۔ایک بار یوں ہوا کہ ایک ہفتے تک کوئی مہمان آپ کے گھر نہیں آیا تو آپ خود باہر تشریف لے گیے کہ کوئی مسافر ملے تو اسے اپنا مہمان بنائیں ۔


چنانچہ اس جستجو میں آپ کو ایک لاغر و ناتواں بوڑھا نظر آیا جو بھوک سے نڈھال تھا۔آپ نے اسے کھانے کی دعوت دی تو وہ بخوشی تیار ہوگیا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے اس مہمان کو گھر کے افراد کے ہمراہ نہایت عزت سے دسترخوان پر بٹھایا۔لیکن جب اس نے کھانا شروع کیا تو مسلمانوں کے دستور کے مطابق بِسم اللہ ِالرحمٰن الرّحیم نہ کہا۔اس بات سے حضرت بہت متعجب ہوے اور آپؑ نے فرمایا، "بوڑھے تو زیادہ دانا ہوتے ہیں ۔آخر کیا وجہ تھی کہ کھانا شروع کرتے وقت تو نے رزاقِ حقیقی کا نام نہیں لیا۔"

بوڑھے نے جواب دیا، "میں کبھی ایسا نہیں کرتا کیونکہ میں مسلمان نہیں، آتش پرست ہوں ۔" بوڑھے کا یہ جواب سن کر حضرت ابراہیمؑ نے دل میں اس بات پر افسوس کیا کہ ایک غیر مسلم کو اپنا مہمان بنایا، اور اسے دسترخوان سے اٹھادیا۔اسی وقت وحی نازل ہوئی کہ اے ابراہیم ! ہم پر یہ بات بخوبی عیاں ہے کہ یہ شخص ہماری جگہ آگ کو اپنا معبود جانتا ہے اور اسی کو سجدے کرتا ہے۔لیکن اس علم کے باوجود ہم سو سال سے برابر اسے روزی پہنچارہے ہیں ۔تو اسے ایک وقت کا کھانا بھی نہیں دے سکا ! ناپاک خیال کر کے دسترخوان سے اٹھادیا؟

پیارے بچو! حضرت سعدیؒ نے اس حکایت میں بہت ہی پیارے انداز میں یہ بات بتائی ہے کہ نیکی کرتے وقت مستحق شخص کے مذہب اور مسلک پر غور نہیں کرنا چاہیے اور نہ کسی کو اس وجہ سے قابلِ نفرت خیال کرنا چاہیے کہ اس کا تعلق کسی دوسرے مذہب سے ہے۔ نیکی کا صحیح تصور یہ ہے کہ کسی اچھے کام کی توفیق خدا کی طرف سے ہی ملتی ہے اور یہ مخلوق خدا کا کنبہ ہے۔ اگر کوئی شخص گمراہ ہے تو اس کا پہلا حق یہ ہے کہ اسے نرمی اور پیار سے سمجھایا جایے اور اس کی راہ کی مصیبتیں کم کی جائیں۔

(ماخوذ)



# مشق

## ۱- پڑھیے اور سمجھیے :

| | |
|---|---|
| قاعدہ - | دستور، عادت |
| طعام - | کھانا |
| لاغر - | دبلا پتلا |
| ہمراہ - | ساتھ |
| رزاق - | روزی دینے والا، اللہ تعالیٰ |
| مستحق - | حق دار |
| مسلک - | راستہ، قاعدہ، دستور |
| کنبہ - | قبیلہ، خاندان |

## ۲- سوچیے اور بتائیے :-

i) حضرت ابراہیمؑ کا معمول کیا تھا؟

ii) مسلمان کھانے سے پہلے کیا پڑھتے ہیں؟

iii) نیکی کرتے وقت سعدیؒ کے مطابق کس چیز پر غور نہیں کرنا چاہیے؟

## ۳- نیچے دیے گیے الفاظ کو استعمال کر کے جملے بنائیے:-

مہمان ، عزت ، مذہب ، نفرت ، گمراہ